تنظیمِ اسلامی مرکزی شعبہ نشر و اشاعت
K/36 ماڈل ٹاؤن لاہور-فون 3-042-35869501 -042-35856304 فیکس 042-35834000
E-mail: media@tanzeem.org, Website:www.tanzeem.org

تنظیمِ اسلامی
07-اگست 2020ء

# پریس ریلیز

## کمرۂ عدالت میں ماورائے عدالت قتل ہمارے نظامِ عدل پر سوالیہ نشان ہے۔ مرزا ایوب بیگ

لاہور (پ ر) کمرۂ عدالت میں ماورائے عدالت قتل ہمارے نظامِ عدل پر سوالیہ نشان ہے۔ یہ بات ترجمان تنظیم اسلامی **مرزا ایوب بیگ** نے پشاور میں کمرۂ عدالت کے اندر ایک گستاخِ رسول کو جہنم واصل کرنے پر تبصرہ کرتے ہوئے کہی۔ اُنھوں نے کہا کہ اگر چہ کسی شہری کا قانون کو ہاتھ میں لینا کوئی قابل ستائش بات نہیں لیکن سوچنے کی بات یہ ہے کہ یہ نوبت کیوں آتی ہے۔ اگر ہماری ایلیٹ، ہمارے قانون ساز ادارے، ہماری انتظامیہ، ہماری عدلیہ، سر جوڑ کر بیٹھیں اور حالات کا تجزیہ دیانت داری اور باریک بینی سے کریں اور نیت سدھار کی ہو تو ایسے اقدامات کیے جا سکتے ہیں کہ لوگ قانون کو ہاتھ میں لینے کی سوچ بھی نہ رکھیں۔ مثلاً قانون کے اطلاق کے بارے میں چھوٹے بڑے کا کوئی فرق نہ ہو۔ ہر شخص کو یہ یقین ہو کہ مجرم اگر سربراہِ مملکت بھی ہے یا اُسے عالمی قوتوں کی پشت پناہی حاصل ہے تب بھی قانون کے ہاتھوں سے بچ نہیں پائے گا۔ ایسی صورت میں کوئی شخص قانون کو ہاتھ میں لینے کی ضرورت ہی نہیں سمجھے گا۔ اُنھوں نے کہا کہ اگر حکومت سیکولر اور لبرل طبقات کے مطالبے پر 295-C کو ختم کرنے پر غور کرنے کی بجائے اُسے فعال کرنے پر توجہ دے اور گستاخانِ رسول اپنے منطقی انجام کو پہنچیں تو کوئی شہری بھی قانون کو ہاتھ میں نہیں لے گا۔ قانون کی بالادستی بھی قائم ہو گی اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شان اور حرمت پر حرف لانے کی بھی کسی کو جرأت نہ ہو گی۔

جاری کردہ
(محمد رفیق چوہدری)
معاون ناظم نشر و اشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

جاری کردہ

# TANZEEM-E-ISLAMI

**PRESS RELEASE: 07 August 2020**

## “Extrajudicial killing inside a courtroom has put a question mark over the Justice System of Pakistan.”

**(Mirza Ayub Baig)**

**Lahore (PR): “Extrajudicial killing inside a courtroom has put a question mark over the Justice System of Pakistan.”**

This was said by the spokesperson of Tanzeem-e-Islami, **Mirza Ayub Baig**, while commenting on the shooting to death (and condemnation to the Hellfire) of a blasphemer of the Holy Prophet *(SAAW)* inside a courtroom in Peshawar. He said that although it is not laudable for any citizen to take the law into his own hands, however, it is necessary to reflect on the reason why the situation reaches that tipping point. If our ‘elite’, our legislative institutions, our executive and our judiciary sit together and analyze the circumstances with rectitude, in profound detail and with the will to improve, then such steps can be taken which ensure that no person even considers taking the law into his own hands. For instance, it can be ensured that there is no prejudice when implementing law with regards to social status of the masses. Moreover, when every citizen believes and practically sees that the culprit, be it the head of the state, or someone supported and backed by world powers, is being brought to justice in the court of law, then no person would even consider the ‘need’ to take the law into his own hands. He remarked that if the government, instead of contemplating on the demand of the secular and liberal sections of scraping article 295-C, concentrated on making that particular law essentially and fully operational and the blasphemers of the Holy Prophet *(SAAW)* were awarded exemplary punishments as prescribed by the law, then no citizen would take the law into his own hands. He concluded by stating that when that happens then not only would the rule of law be established, but, more importantly, no one would ever dare to desecrate and blaspheme against the lofty station and esteem of the Holy Prophet *(SAAW)*.

**Issued by**
**Muhammad Rafique Chaudhry**
**Muawin of Nazim Nashr-o-Ashaat Section**
**Tanzeem-e-Islami**